فوری ریلیز کے لیے: 14/9/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے نو عدد اپسٹیٹ ایئرپورٹس کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے 230$ ملین کا اعلان کیا

گریٹر بنگھیمٹن ائیرپورٹ پر، گورنر نے بنگھیمٹن، البانی، واٹر ٹاؤن، سیراکیوز، راچسٹر، اوگڈنزبرگ، سراٹوگا کاؤنٹی، سولیوان کاؤنٹی اور ایڈیرونڈیک ایئرپورٹس کے لیے ایوارڈز کا اعلان کیا

یہ ایوارڈز اپسٹیٹ ایئرپورٹ کی اقتصادی ترقی اور بحالی کے مقابلوں کے ذریعے جاری کیے گئے

ٹرمینل کی توسیع اور بحالی، سیکورٹی اسکریننگ کی جگہوں میں بہتری، بورڈنگ اور رعایتی علاقے کی تنظم نو اور نئی جدتوں کے لیے ریاستی گرانٹس

تنظیم نو کے منصوبوں کے خاکہ جات یہاں دیکھیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ اپسٹیٹ نیو یارک کے ایئرپورٹس کی از سر نو تشکیل کرنے اور ان کو جدید تر بنانے کی خاطر، تنظیم نو کے منصوبوں کے لیے نو عدد اپسٹیٹ ایئرپورٹس کو 230$ ملین کے ایوارڈز دیے جائیں گے۔ یہ فنڈنگ اپسٹیٹ ایئرپورٹ کی اقتصادی ترقی اور بحالی کے مقابلے سے حاصل کی گئی ہے، جس میں مسابقتی درخواستیں لی جاتی ہیں جن کا مقصد اپسٹیٹ کمرشل مسافروں کی خدمت کے ایئرپورٹس میں سرمایہ کاریوں کا فروغ، احیاء اور ان میں تیزی لانا ہوتا ہے جس سے 21ویں صدی کے لیے ایئرپورٹ بنانے میں مدد ملتی ہے۔ گورنر نے یہ اعلان آج کچھ وقت پہلے گریٹر بنگھیمٹن ایئرپورٹ پر کیا۔

"ہمارے اپسٹیٹ ایئرپورٹس مقامی معیشتوں کے لیے ہمارے دروازے ہیں اور یہ نیو یارک کے شہریوں اور سیاحوں کو ایمپائر اسٹیٹ کے پیش کردہ خوبصورت مقامات تک پہنچا کر ایک دیرپا تاثر چھوڑتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اپسٹیٹ نیو یارک میں سہولیات کو مزید جدید بنانے کے لیے اہم سرمایہ کاری کر کے، ہم اپسٹیٹ ایئرپورٹس کو نئی بلندیوں تک لے جا رہے ہیں اور 21 ویں صدی کا آمد و رفت کا تجربہ فراہم کر رہے ہیں جس کی مسافروں کو توقع ہے اور جس کے وہ حق دار ہیں۔"

اپسٹیٹ ایئرپورٹ کی اقتصادی ترقی اور بحالی کے مقابلے کا انتظام ریاست نیو یارک محکمہ آمد و رفت نے کیا تھا اور یہ کمرشل ایئرپورٹس اور/یا کارپوریٹ جیٹ طیاروں کے لیے خصوصی خدمات فراہم کرنے والے ایئرپورٹس اور کمرشل مسافروں کی خدمات کے ائیرپورٹس کے لیے تھا۔ درخواست دہندگان کی حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ کسی ایک منصوبے یا منصوبوں کے پروگرام کی فنڈنگ کے لیے درخواست دیں جو 21ویں صدی کے تقاضوں کو پورا کرنے میں مدد کرے گا۔ اہل سرگرمیوں کی مثالوں میں شامل تھیں، لیکن ان تک محدود نہیں؛ درج ذیل کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیر:

- جدت کا شاہکار بورڈنگ کنکورس اور رعایتی علاقے
- ٹرمینل کی توسیع یا بحالی
- سیکیورٹی اسکریننگ میں بہتری

- COVID-19 کی عالمی وباء کے دوران اور بعد میں بہتر طریقے سے فاصلہ رکھے جانے سے مسافروں کو زیادہ محفوظ اور موثر طریقے سے سفر کروانے کے مواقع
- کنٹیکٹ لیس ٹیکنالوجی میں نئی ایجادات اور صفائی اور جراثیم کشی پر توجہ میں اضافہ

اہل ائیرپورٹس کی طرف سے جائزے کے لیے جمع کرائے گئے منصوبوں کو طے شدہ معیارات کی بنیاد پر جانچا گیا، جن میں شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں؛ ڈیزائن، مسافروں کو ملنے والی سہولیات اور تجربہ، انتظامی افادیت اور ائیرپورٹ کے علاقے کے لیے اقتصادی طور پر مؤثر ہونا۔

ریاست نیو یارک محکمہ آمد و رفت کی کمیشنر Marie Therese Dominguez نے کہا، "اپسٹیٹ نیو یارک کے ائیرپورٹ ایسے گیٹ ویز ہیں جو کاروبار، سفر اور سیاحت میں وسیع مواقع کے دروازے کھولتے ہیں؛ اور ان سہولیات میں سرمایہ کاری کے لیے گورنر Kathy Hochul سے بڑھ کر کوئی وکیل نہیں ہے - کیونکہ وہ جانتی ہیں کہ ہوابازی میں سرمایہ کاری سے اپسٹیٹ نیو یارک میں خوشحالی کا نیا احساس ملے گا۔ جبکہ ہم ریاست بھر میں اپنے آمد و رفت کے جال کو جدید بنانا جاری رکھے ہوئے ہیں، یہ سرمایہ کاریاں ریاست بھر میں مسافروں کے تجربے اور سہولیات کے آپریشنز کو نمایاں طور پر بہتر بنائیں گی، لوگوں اور سامان کے موثر بہاؤ اور تمام اپسٹیٹ کمیونٹیز میں معاشی سرگرمی جاری رہنے کو یقینی بنانے میں مدد کریں گی۔"

ذیل میں انفرادی منصوبوں کی اضافی تفصیلات پیش ہیں:

البانی انٹرنیشنل ائیرپورٹ: ائیرپورٹ کے ٹرمینل کی توسیع کے لیے $60 ملین، جس سے چیک پوائنٹ سے پہلے اور بعد مسافروں کو بہتر سہولیات فراہم ہوں گی اور سیکیورٹی کے ذریعے مسافروں کے بہاؤ کو زیادہ موثر بنایا جائے گا۔ چیک پوائنٹ سے پہلے، بھیڑ کو کم کرنے کے لیے یہ منصوبہ کانفرنسز کے لیے ایک جدید کاروباری مرکز اور کمیونٹی کے اکٹھا ہونے کی جگہیں بنائے گا۔ چیک پوائنٹ پر، یہ منصوبہ سیکورٹی کی قطار کو توسیع دے گا۔ سیکورٹی کے بعد، یہ منصوبہ اس علاقے کو وسیع کرے گا جہاں مسافر اپنے سفر کے لیے خود کو تیار کرتے ہیں جس کے لیے خوردہ فروشی کی اضافی جگہ، بچوں کے کھیلنے کا زون، ایک ملٹی سینسری پرسکون کمرہ اور ایک سرسبز کھلی جگہ بنائی جائے گی۔ اس کے علاوہ، یہ منصوبہ اندرونی ہوا کے معیار اور فلٹریشن کو بہتر بنانے کے لیے اس سہولت گاہ کے ہیٹنگ، وینٹیلیشن اور ائیر کنڈیشننگ (HVAC) سسٹم میں بہتری لائے گا۔

گریٹر بنگھیمٹن/ایڈوِن A لنک فیلڈ ائیرپورٹ: دو منصوبوں کو فنڈ دینے کے لیے $32 ملین، جن میں سے پہلے میں عمومیِ ہوابازی کے ٹرمینل کو مسافر ٹرمینل کے ساتھ ضم کرنے کے لیے اسے منتقل کرنا شامل ہوگا، جس سے یہ دونوں افعال ایک نو تزئین شدہ سہولت گاہ میں یکجا ہو جائیں گے۔ اس منصوبے میں ائیرپورٹ کی ایک نئی کنوپی بنایا جانا بھی شامل ہوگا جس کو مستقبل میں بارش کے پانی کو جمع کرنے اور شمسی پینل کی تنصیب کو کے لیے ڈیزائن کیا جائے گا، اس سے نیو یارک کے ماحولیات سے متعلق پرجوش اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ ٹکٹنگ لابی اور جانے والے مسافروں کے سامان کے کمرے، ڈیپارچرز لابی اور لاؤنج، سامان وصول کرنے کی جگہ میں بہتری اور دیگر کثیر المقاصد سہولیات میں اضافہ بھی عمل میں لایا جائے گا۔ دوسرا منصوبہ ٹرمینل کے جنوب میں 3,000 مربع فٹ پر مشتمل عمومی ہوابازی کے لیے کسٹمز اور بارڈر پروٹیکشن کی ایک نئی سہولت گاہ تعمیر کرے گا، جس سے ائیرپورٹ کو صارف کی فیس والا ائیرپورٹ قرار دیے جانے کی اپنی حیثیت برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔

واٹر ٹاؤن انٹرنیشنل ائیرپورٹ: $28 ملین ائیرپورٹ کے 20,000 مربع فٹ کے ٹرمینل کی تعمیر نو اور توسیع کے لیے، جو مسافروں کو جدید اور آرام دہ سہولیات فراہم کرے گا۔ اس منصوبے سے TSA اسکریننگ اور سامان سنبھالنے کے علاقوں میں بھی بہتری آئے گی؛ پرواز کی معلومات کے ڈسپلے اور ایک بصری صفحہ بندی کے نظام کی تنصیب کی جائے گی؛ سامان وصول کرنے کی اضافی کی جگہ تعمیر کی جائے گی؛ جدید نشستوں، چارجنگ اسٹیشنز، قدرتی روشنی اور ائیر فیلڈز کے نظاروں والی ایک نئی انتظار تعمیر کی جائے گی؛ اور جو عوام سفر نہیں کر رہے ان کے لیے دستیاب ریستوراں اور کلاس روم کی جگہوں کے لیے لچکدار جگہ کی تعمیر کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، یہ منصوبہ ایک نیا جیٹ پل تعمیر کرے گا تاکہ اضافی اقسام کے طیاروں کے لیے جگہ بنائی جا سکے اور

صارفین کی بورڈنگ کو بہتر بنایا جا سکے۔ ایئرپورٹس پر موجودہ اور مستقبل کی ایئر لائنز کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے، یہ منصوبہ اضافی ٹکٹنگ کاؤنٹر نصب کرے گا اور آنے والے مسافروں کی سہولت کے لیے، اس منصوبے میں گاڑی کرائے پر لینے کے لیے مختص کاؤنٹر کی تنصیب شامل ہے۔

سراٹوگا کاؤنٹی ایئرپورٹ: 27$ ملین ٹرمینل کی ایک نئی، جدت کا شاہکار، توانائی کی کفایت کرنے والی عمارت کی تعمیر کے لیے، جس میں جدید سہولیات ہوں گی جو صارف کو فرسٹ کلاس تجربہ فراہم کریں گی اور ڈیزائن کے ایسے عناصر ہوں گے جو اس علاقے کے تشخص کے عکاس ہوں گے۔ نئی عمارت کی پہلی منزل مسافروں کے انتظار کے دو کشادہ علاقے، ایک ملٹی میڈیا کانفرنس روم اور ایک کیفے اور آئس کریم کاؤنٹر فراہم کرے گی جو بیرونی رسائی کے ساتھ صحن میں کھلے گی۔ لابی کی جگہ میں سراٹوگا آٹوموبائل میوزیم سے آئے آٹوموبائلز کی نمائش کی جگہ ہو گی، جب کہ عمارت کی دوسری منزل پائلٹوں کے لیے جگہ کے ساتھ ساتھ ریسٹوران کے لیے جگہ اور مقامی فنکاروں کے لیے نمائش کی جگہ فراہم کرے گی۔ عمارت کے ہینگر والے حصے کو پرانی، بحال شدہ لکڑی سے مزین کیا جائے گا تاکہ یہ سراٹوگا کاؤنٹی کے بہت سے گھوڑوں والے باڑھوں اور زرعی گوداموں کی شکل کا آئینہ دار بنے، جبکہ ہینگر کی چھت کے اوپر شمسی توانائی کے نظام کی ایک قطار ایئرپورٹ کے اجتماعی کاربن فوٹ پرنٹ کو کم کرنے میں مدد کرے گی۔

سیراکیوز ہینکوک انٹرنیشنل ایئرپورٹ: دو منصوبوں کے لیے 20$ ملین، جن میں سے پہلے میں ایئرپورٹ کے کسٹمز اینڈ بارڈر پروٹیکشن (CBP) فیڈرل انسپکشن اسٹیشن (FIS) میں ضروری اپ گریڈ شامل ہوں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ سہولت جدید ترین CBP معیارات پر پورا اترتی ہے اور ایئرپورٹ کی بین الاقوامی مسافروں اور کارگو دونوں سے متعلق آپریشنز کو سنبھالنے کی حیثیت اور صلاحیت کو محفوظ رکھا جائے۔ یہ منصوبہ بین الاقوامی آپریشنز کے لیے جدید ترین FIS آلات بھی نصب کرے گا جس سے فی گھنٹہ 200 مسافروں کی پروسیسنگ ہو پائے گی، ایک جیٹ پل کو تبدیل کیا جائے گا اور اضافی ہولڈ روم اور بورڈنگ اسپیس بنائی جائے گی۔ اس منصوبے میں راستہ تلاش کرنے میں معاون روشنیوں کے کنٹرول سسٹم کی تنصیب اور سماعت سے محروم مسافروں کے لیے معاونت بھی شامل ہے۔ دوسرا منصوبہ شمالی کنکورس کو بہتر بنائے گا اور وسعت دے گا جس سے ٹرمینل کا یہ حصہ، جو مجموعی ٹریفک کے 40 فیصد کو سنبھالتا ہے، اپ گریڈ ہو گا اور جدید بنے گا۔ یہ منصوبہ تقریباً 4,700 مربع فٹ کا اضافہ کرے گا تاکہ مسافروں کا بہاؤ بہتر ہو، اس کے ساتھ اضافی بیٹھنے کی جگہیں اور اضافی رعایتی جگہ بھی بنے گی۔ یہ ڈیزائن ہوا کے بہتر معیار کے لیے ہوا کی بہترین قدرتی گردش میں معاونت کرتا ہے، شمسی انعکاس کی بلند شرح والے مواد اور متحرک ونڈو پینلز سے توانائی کی کارکردگی کو فروغ دیتا ہے اور مقامی اور ری سائیکل شدہ خام مال کے استعمال کے ذریعے پائیداری کے اقدامات کو مربوط کرتا ہے۔

سولیوان کاؤنٹی انٹرنیشنل ایئرپورٹ: 18.5$ ملین اندرونی جگہ کو دوبارہ ترتیب دینے، مسافروں کے لیے اضافی جگہ بنانے، ایک نئے پائلٹ لاؤنج اور باہر کیٹسکل ماؤنٹین کے ماحول کا بہتر نظارہ فراہم کرنے کے لیے۔ یہ منصوبہ ایئرپورٹ کے HVAC سسٹمز کو بھی اپ گریڈ کرے گا اور ٹرمینل کی عمارت میں بہتر انسولیشن اور شمسی پینل نصب کرے گا جس سے عمارت کے لیے بجلی کا ایک پائیدار ذریعہ فراہم ہو گا۔ اس کے علاوہ، یہ منصوبہ پارکنگ کی جگہ میں الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشن بھی لگائے گا۔

اوگڈنزبرگ انٹرنیشنل ایئرپورٹ: 18$ ملین ٹرمینل کی عمارت کی تزئین و آرائش اور توسیع؛ اور باہری ساخت میں بہتریوں کے لیے۔ یہ منصوبہ جدت انگیز اور توانائی کی بچت والی ٹیکنالوجیز، اپ گریڈ شدہ سیکیورٹی دروازے اور اسپرنکلرز، مسافروں کی معلومات کے نئے ڈسپلے سسٹم اور بہتر وائی فائی نصب کرے گا۔ یہ ایسے ڈیزائن تھیمز کا بھی استعمال کرے گا جو ایئرپورٹ کے آس پاس کی کمیونٹی اور تشخص کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس منصوبے کے ٹرمینل کی توسیع والے حصے میں چیک ان، ٹکٹنگ اور سامان چھوڑنے کے لیے لابی کی توسیع؛ TSA اسکریننگ کے علاقے کی توسیع؛ رعایات کی جگہ کی توسیع اور بڑی اجتماعی تقاریب کے لیے نئی جگہ بنائے جانا شامل ہیں۔ مزید برآں، بیرونی ساخت میں بہتریوں کے لیے، یہ منصوبہ داخلی کنوپی کو وسیع کرے گا؛ ایک لمبا کربسائیڈ ڈراپ آف اور پک اپ علاقہ بنائے گا؛ اور پارکنگ کک جگہ میں شمسی پینلز اور الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشنز لگائے گا۔

Frederick Douglass - گریٹر راچسٹر انٹرنیشنل ایئرپورٹ: دو منصوبوں کے لیے 18$ ملین، جن میں سے پہلے میں داخلے کے راستے کو مزید جدید بنانے کے لیے ٹرمینل کی عمارت، ٹکٹنگ کی جگہ اور سامان وصول کرنے کی جگہ کی تشکیل نو شامل ہے تاکہ اسے زیادہ خوش کن اور راستے کی تلاش میں آسان بنایا جا سکے۔ یہ منصوبہ ان علاقوں کو زیادہ قدرتی روشنی، LED کی تنصیبات اور نئے رہنما اشاروں اور راستہ تلاش کرنے کی ڈیجیٹل خصوصیات کے ذریعے بہتر بنائے گا۔ یہ منصوبہ ایک نئی، صارف دوست موبائل ایپ بنائے گا جو پارکنگ، رعایات، پرواز کی سرگرمی اور ایئرپورٹ کے دیگر شعبوں کے بارے میں معلومات کو ایک پلیٹ فارم میں ضم کرے گی۔ اس کے علاوہ، یہ منصوبہ ایئرپورٹ کے سابق فوجیوں کے علاقے کی تزئین و آرائش کرے گا، اسے جدید ترین روشنیوں، نئے فرنیچر اور ڈسپلے کیسنگز کے ساتھ ایک جدید اجتماعی مرکز میں تبدیل کرے گا۔ غلامی کے خاتمے کے قومی سطح پر تسلیم حامی Frederick Douglass کے اعزاز میں، یہ منصوبہ ایئرپورٹ کے نام کی تشہیر کے لیے ایک نیا بیرونی استقبالیہ نشان بنائے گا اور ٹرمینل میں ایک نئی نمائش گاہ تعمیر کرے گا جس میں Douglass کے کام اور ان کی میراث کو پیش کیا جائے گا۔ دوسرا منصوبہ ایئرپورٹ کے آپریشنز میں بہتریوں، HVAC میں بہتریاں لانے اور فریٹ بلڈنگ اور بیگیج بیلٹ کی تزئین نو پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ یہ منصوبہ ائیرپورٹ کے سامنے والے دروازے کی زینت بننے والی کنوپی کو بھی وسعت دے گا اور بارش کے پانی کو جمع کرنے کی صلاحیت کو بنیادی ڈھانچے میں شامل کرے گا۔

اڈیرونڈک علاقائی ایئرپورٹ: ٹرمینل کی عمارت کی بحالی کے لیے 8.5$ ملین۔ یہ پروجیکٹ نئی تبدیلیاں کرے گا جن کے تحت لوگوں کے بہاؤ کو بہتر بنانے کے لیے مرکزی استقبالیہ کو وسعت دی جائے گی۔ یہ جگہ کو روشن کرنے کے لیے ایل ای ڈی لائٹنگ اور گیٹ، کیفے اور پارکنگ کی سہولت تک پہنچنے کے لیے آسانی سے راستہ تلاش کرنے کے لیے راستے تلاش کرنے والے نئے اشارے لگائے گا۔ سیکورٹی کے بعد، مسافروں کے لیے اضافی جگہ فراہم کرنے کے لیے اس علاقے کی تشکیل نو کی جائے گی اور بڑی کھڑکیوں والی ایک بیرونی دیوار تعمیر کی جائے گی، جس سے زیادہ قدرتی روشنی آئے گی اور ائیرپورٹ اور ارد گرد موجود اڈیرونڈک کی چوٹیوں کا نظارہ کیا سکے گا۔ اس کے علاوہ، اس منصوبے میں کیفے کی منتقلی اور توسیع اور HVAC سے متعلق مختلف اضافے شامل ہیں۔

اپ اسٹیٹ ائیرپورٹ اکنامک ڈویلپمنٹ اینڈ ریوائٹلازیشن انیشیٹیو کی گرانٹس، نیویارک کی ان مسلسل سرمایہ کاریوں کی تکمیل کرتی ہیں جو ایوی ایشن کیپٹل انوسٹمنٹ پروگرام کے ذریعے ریاست بھر کے ائیرپورٹس میں کی گئی ہیں۔ اکتوبر 2021 میں، گورنر Hochul نے [اعلان کیا](#) کہ اس پروگرام کے ذریعے عوامی استعمال کے 24 ائیرپورٹس پر اسٹریٹجک انفراسٹرکچر کو بڑھانے کے لیے 20.7$ ملین کا اجراء کیا گیا ہے۔ NYSDOT کے زیر انتظام، ایوی ایشن کیپٹل انوسٹمنٹ پروگرام کے ذریعے فنڈ کیے جانے والے پروجیکٹس میں سیکیورٹی اور رسائی پر کو قابو میں رکھنے کے لیے نئی بہتریاں، موسم کی نگرانی کے نئے خودکار نظاموں کی تعیناتی اور نئے اور موجودہ ہینگرز اور ہوائی جہاز میں ایندھن بھرنے کی سہولیات کی تعمیر اور بحالی شامل ہیں۔ یہ سرمایہ کاریاں آس پاس کی کمیونٹیز کو ہمسایہ ریاستوں کے ساتھ معاشی طور پر زیادہ مسابقتی بنائیں گی اور NYSDOT ان بہتریوں کی فراہمی کو تیز کرنے کے لیے منصوبے کے مقامی اسپانسرز کے ساتھ کام کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

ریاستی سینیٹرTim Kennedy نے کہا، "اس سرمایہ کاری کے ذریعے، نیویارک ہمارے ائیرپورٹس کو جدید بھی بنا رہا ہے اور رسائی اور کارکردگی میں اضافہ بھی کر رہا ہے، جس سے ان آنے والوں کے لیے سفر کا عمل ہموار ہو جائے گا جو ان اپ اسٹیٹ مرکزوں سے گزرتے ہیں۔ گورنر Hochul ہمارے آمد و رفت کے شعبوں کو بہتر بنانے کے واضح عزم کا مسلسل مظاہرہ کر رہی ہیں اور ان 230$ ملین کا وعدہ کلیدی ٹرانزٹ کوریڈورز کو کی تنظیم نو کرنے پر مرکوز اجتماعی نظریے کی ایک اور مثال ہے۔"

ریاستی سینیٹر Fred Akshar نے کہا، "جدت کاری کی یہ کوششیں ہمارے مقامی بنگھیمٹن ائیرپورٹ کو ہمارے مسافروں اور جنوبی سلسلے سے آنے اور جانے والوں کے لیے مسابقتی، نیا اور آرام دہ رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔ گریٹر بنگھیمٹن ائیرپورٹ اور ان گرانٹس کو حاصل کرنے کی کوششوں میں شامل تمام لوگوں کو مبارکباد۔"

رکن اسمبلی William Magnarelli نے کہا، "ہمارے مقامی ہوائی اڈّے کو جدید بنانے سے ہمارے اپ اسٹیٹ شہروں کو سیاحوں اور شہر سے باہر کے کاروباروں کو اس خطے کی طرف راغب کر کے اقتصادی ترقی میں آگے

بڑھنے کا موقع ملتا ہے۔ یہ فنڈز آج کے انفراسٹرکچر اور حفاظتی معیارات پر پورا اترنے کے لیے ہمارے ہوائی اڈے بہتر بنائیں گے۔"

رکن اسمبلی Donna Lupardo نے کہا، "آج کا اعلان تمام اپ اسٹیٹ کے ہوائی اڈوں کے لیے خوش آئند خبر تو ہے ہی، لیکن خاص طور پر گریٹر بنگھیمٹن میں میرے گھر کے ہوائی اڈے کے بہت اچھی ہے۔ مجھے کاؤنٹی ایگزیکٹیو Garnar اور ان کی ٹیم کی تعریف کرنی ہوگی کہ وہ نئے کیریئرز اور نئے مسافروں کو راغب کرنے کے لیے اپنے ائیرپورٹ کو تبدیل کرنے کے مقصد سے کبھی پیچھے نہ ہٹے۔ گورنر Hochul کا خصوصی شکریہ کہ انہوں نے ہمارے اپ اسٹیٹ ائیرپورٹس کی صلاحیت پر دنیا کے اہم گیٹ ویز کے طور پر یقین کیا۔ جیسے جیسے ہم ایک متحرک پوسٹ کووڈ ٹریول اکانومی کی طرف لوٹ تہے ہیں یہ سرمایہ کاری سود مند رہے گی ۔"

سیراکیوز کے میئر Ben Walsh نے کہا، "جیسا کہ سیراکیوز اور سینٹرل نیویارک اقتصادی ترقی کا تجربہ کرتے جا رہے ہیں، ہمارا آمد و رفت کا مضبوط انفراسٹرکچر خطے کے لیے ایک اسٹریٹجک فائدہ ہے۔ آج کا سیراکیوز ہنکوک انٹرنیشنل ائیرپورٹ سیراکیوز میں ہونے والی بحالی کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ جدت کا شاہکار اور روشن مستقبل کے لیے لیس ہے۔ میں ائیرپورٹ کی سہولیات کو مزید جدید بنانے، مسافروں اور کارگو کے لیے اس کی بین الاقوامی صلاحیتوں کو بہتر بنانے، اور ہوائی اڈے کو تمام مسافروں کے لیے بہتر بنانے کے لیے اس نئی سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

منرو کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Adam Bello نے کہا، "فریڈرک ڈگلس گریٹر روچیسٹر انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر یہ بہتری منرو کاؤنٹی کو کاروبار اور سیاحت دونوں کے لیے عالمی سطح پر مزید مسابقتی بنا دے گی — جو ہماری کمیونٹی میں آنے یا یہاں سے جانے والے کسی بھی شخص کے لیے تجربے کو بہتر بناتا ہے۔ گورنر Kathy Hochul کا ہمارے ائیرپورٹس اور کمیونٹی میں اس تاریخی سرمایہ کاری کے ساتھ منرو کاؤنٹی کے رہائشیوں اور اقتصادی مفادات کو ترجیح دینے کے لیے شکریہ۔"

بروم کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Jason Garnar نے کہا، "یہ فنڈنگ ہمارے ٹرمینل میں نئی زندگی پھونک کر اسے مزید جدید بنا کر اور زائرین کے لیے آسانیاں پیدا کر کے کر انھیں گریٹر بنگھیمٹن ائیرپورٹ پر واپس لانے میں ہماری مدد کرے گی۔ فلائنگ BGM کا تجربہ ہمیشہ آسانی اور لطف اندوز ہونے کے گرد گھومتا رہا ہے؛ ریاست کی طرف سے یہ ایوارڈ اس مشن کو آگے بڑھاتا ہے اور مسافر ایک ایسے تجربے کی توقع کر سکتے ہیں جو انہیں یہاں واپس لاتا رہے گا۔ میں بروم کاؤنٹی کے ساتھ جاری وابستگی کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔"

جیفرسن کاؤنٹی کے چیئرمین William Johnson نے کہا، "نیو یارک اسٹیٹ سے واٹر ٹاؤن انٹرنیشنل ائیرپورٹ کو 28 ملین ڈالر کی گرانٹ موصول ہونے کے اعلان سے ہمیں بہت خوشی ہوئی ہے۔ یہ جیفرسن کاؤنٹی کی جانب سے تین سال کی کوششوں کا نتیجہ ہے اور یہ ہمارے ائیرپورٹ کو واقعی کمرشل خدمات کے ایک اگلے درجے کی طرف لے جائے گا۔"

کاؤنٹی مینیجر Joshua Potosek نے کہا، "میں نیویارک اسٹیٹ میں ٹرانسپورٹیشن انفراسٹرکچر کی سرمایہ کاری کی اہمیت کو تسلیم کرنے پر گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔ سلیوان کاؤنٹی ائیرپورٹ میں یہ تاریخی سرمایہ کاری ہمیں حالیہ سرمایہ کاری اور ترقی کو آگے بڑھانے کی اجازت دے گی اور یقینی طور پر ہمارے ائیرپورٹ کو مستقبل میں کئی دہائیوں تک پھلنے پھولنے کے قابل بنائے گی۔"

ہیرئیٹس ٹاؤن کی سپروائزر Jordanna Mallach نے کہا، "ہم اس موقع کے بارے میں ناقابل یقین حد تک پرجوش ہیں اور اس ایوارڈ کے لیے ریاست کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ پروجیکٹ ہماری کمیونٹی میں توانائی کے کفایت شعاری سے استعمال کی طرف بڑھنے کے ہمارے ہدف کی براہ راست معاونت کرتا ہے۔ ہم نے وفاقی فنڈنگ کی بدولت اپنے ائیرپورٹ کے ذریعے کمرشل سفر میں مسلسل اضافہ دیکھا ہے اور یہ تزئین و آرائش ہمارے مسافروں کو ایڈیرونڈیکس سے داخل ہوتے اور وہاں سے روانہ ہوتے ہوئے آرام اور تحفظ فراہم کرے گی۔"

سلیوان کاؤنٹی ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ورکس کمشنر Ed McAndrew نے کہا، "سلیوان کاؤنٹی انٹرنیشنل ائیرپورٹ ٹرمینل بلڈنگ کی جدید کاری اور بحالی کے لیے ائیرپورٹ اکنامک ڈویلپمنٹ اور ریوائٹلازیشن کمپیٹیشن سے $18.5 ملین کی فنڈنگ حاصل کرنا سلیوان کاؤنٹی کے لیے ایک اعزاز ہے۔ یہ کاؤنٹی اضافی صارفین کو راغب کرنے اور ائیرپورٹ کی ترقی کو فروغ دینے کے ارادے سے ائیرپورٹ کے مختلف پہلوؤں کو فعال طور پر بہتر بنا رہی ہے، جس سے خطے کی اقتصادی ترقی میں حصہ ڈالا جا رہا ہے۔ ٹرمینل کی یہ متوقع بہتریاں تکنیکی طور پر جدید HVAC، سولر پینلز اور EV چارجنگ اسٹیشنوں کے استعمال کے ذریعے عمارت کے انفراسٹرکچر کو کاؤنٹی کے مضبوط پائیداری کے اہداف کے ساتھ ہم آہنگ بھی کر دے گی۔"

واٹر ٹاؤن کے ٹاؤن سپروائزر Joel Barrett نے کہا، "واٹر ٹاؤن انٹرنیشنل ائیرپورٹ نارتھ کنٹری کے لیے مناسب قیمت میں ہوائی سفر فراہم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے، اور یہ نئی فنڈنگ ہمارے نارتھ کنٹری کی علاقائی اقتصادی استحکام کو بڑھانے میں بہت اہم کردار ادا کرے گی"

اوگڈنسبرگ برج اینڈ پورٹ اتھارٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، Steve Lawrence نے کہا، "یہ پروجیکٹ ان $26 ملین کو آگے بڑھائے گا جو پہلے ہی ایئر فیلڈ اور ٹرمینل میں لگ چکے ہیں۔ یہ فنڈنگ OBPA کو شمالی نیویارک میں اقتصادی ترقی کو جاری رکھنے، OGS میں ترقی کو فروغ دینے، مہمانوں کے لیے ایک خوش آئند جگہ بنانے اور اوگڈنسبرگ کو ایک نئی کمیونٹی اسپیس فراہم کرنے کی اجازت دے گی۔ نئے OGS پر پہنچنے پر مسافروں کو پرتپاک خیرمقدمی احساس ہو گا، جو ایک مثبت پہلا تاثر اور ریاست نیو یارک کے نارتھ کنٹری میں داخلے کا منفرد تجربہ پیدا کرے گا۔ مجھے اس پروجیکٹ پر فخر ہے اور اس فنڈ کی فراہمی میں شامل تمام کا شکر گزار ہوں۔"

اوگڈنسبرگ برج اینڈ پورٹ اتھارٹی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین Vernon "Sam" Burns نے کہا، "گورنر Hochul کے آج کے اعلان اور OGS کی معاونت سے ائیرپورٹ اور خطے میں مزید اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور اس کام کو فنڈ ملے گا جو ائیرپورٹ کو مزید مسابقتی اور آنے والے سالوں کے لیے مسافروں اور کاروبار کے لیے پرکشش بنائے گا۔ OBPA گورنرHochul، نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن،Greg Lancette، سینٹرل اینڈ ناردرن نیویارک بلڈنگ ٹریڈز کے صدر اور بہت سے دوسرے عہدیداروں اور اسٹیک ہولڈرز کو بے حد سراہتا ہے جنہوں نے اس فنڈنگ کے حصول میں مدد کی۔"

سیراکیوز ریجنل ائیرپورٹ اتھارٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Jason Terreri نے کہا، "سیراکیوز ریجنل ائیرپورٹ اتھارٹی $20 ملین کا یہ ایوارڈ حاصل کرنے پر ناقابل یقین حد تک شکر گزار ہے۔ اب جبکہ عالمی وباء کے بعد کی نمو تقریباً تمام توقعات سے آگے نکلتی جا رہی ہے، اس گرانٹ کے ذریعے مالی اعانت فراہم کرنے والے منصوبے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کریں گے کہ سیراکیوز ہنکوک انٹرنیشنل ائیرپورٹ نہ صرف وسطی نیویارک اور اس سے بھی آگے کا بین الاقوامی گیٹ وے ہو، بلکہ مستقبل میں ترقی کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے بھی تیار ہو۔"

لاگوارڈیا اور جان ایف کینیڈی ائیرپورٹس کو جدید ترین سفری مراکز بنانے کے جاری منصوبوں کے علاوہ، یہ اقدام ریاست نیو یارک کے ابتدائی اپ اسٹیٹ ائیرپورٹ اکنامک ڈویلپمنٹ اینڈ ریوائٹلازیشن کمپیٹیشن کی کامیابی پر کام کرے گا۔ 2016 میں اعلان کئے گئے اس ابتدائی مقابلے میں 200 ملین ڈالر ایوارڈ کیے گئے جس سے ایسے منصوبوں کے لیے وفاقی اور مقامی وسائل میں ایک اضافی $150 ملین زیر استفعادہ لائے گئے جنہوں نے درج ذیل ائیرپورٹس کو بہتر بنایا:

- پلاٹسبرگھ انٹرنیشنل ائیرپورٹ، جو اکتوبر 2018 میں مکمل ہوا تھا۔
- اتھیکا ٹامپکنز انٹرنیشنل ائیرپورٹ، جو دسمبر 2019 میں مکمل ہوا تھا۔
- سیراکیوز ہنکوک انٹرنیشنل ائیرپورٹ، جو اکتوبر 2018 میں مکمل ہوا تھا۔
- گریٹر روچیسٹر انٹرنیشنل ائیرپورٹ، جو اکتوبر 2018 میں مکمل ہوا۔
- ایلمیرا کارننگ ریجنل ائیرپورٹ، جو اکتوبر 2018 میں مکمل ہوا تھا۔
- البانی انٹرنیشنل ائیرپورٹ، جو جون 2020 میں مکمل ہوا تھا۔

New York State DOT کو ٹویٹر پر @NYSDOT اور فیس بک پر New York State Department of Transportation فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418